3309 ـ كيا لاؤڈ سپيكر پر اذان دينے سے منع كرنا شعائر اسلام پر عمل كرنے سے روكنا ہے

سوال

كيا مسلمانوں كو لاؤڈ سپيكر پر اذان نہ دينے دينا دينى شعائر پر عمل نہ كرنے كى قدرت ركھنے ميں شامل ہوتا ہے، جس كى بنا پر ہجرت واجب ہو جاتى ہے، اور اس ملك ميں رہنا جائز نہيں ہوتا ؟

پسنديده جواب

الحمد للہ.

ہم نے يہ سوال فضيلۃ الشيخ عبد اللہ بن جبرين حفظہ اللہ تعالى كے سامنے ركھا تو ان كا جواب تھا:

يہ اس ميں شمار نہيں ہوگا، كيونكہ لاؤڈ سپيكر ايك نيا معاملہ ہے، لھذا وہ صرف آواز كے ساتھ ہى اذان دے كر شعائر دين قائم كر سكتے ہيں.